मैरे सनम

میرے صنم

اداکاران

آشا پارکھ ۔ بشوجیت
پران ۔ راجندر ناتھ

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے
میرے صنم فلم کے

گانا نمبر ۱

پکارتا چلا ہوں میں، گلی گلی بہار کی
بس ایک چھاؤں زلف کی بس ایک نگاہ پیار کی
یہ دل لگی یہ شوخیاں سلام کی
یہی تو بات ہو رہی ہے کام کی
کوئی تو مڑ کے دیکھ لینا اس طرف
کوئی نظر تو ہوگی میرے نام کی
سنی میری صدا، تو کس یقین سے
گھٹا اتر کے آ گئی زمین پہ
رہی یہی لگن تو اے دلِ جواں
اثر بھی ہو رہے گا اک حسین پہ - پکارتا..
کوئی ملے جو روک لے پکار کے
یوں ہی تو بڑھا کے ہاتھ پیار سے
ادھر بھی پھینک ادا کی ایک کلی
گزر چلے ہیں دن یونہی بہار کے - پکارتا...

گانا نمبر ۲: ہمدم میرے مان بھی جاؤ کہنا میرے پیار کا
ارے ہلکا ہلکا سرخ لبوں پہ رنگ تو ہے اقرار کا
ہائے.... پیار محبت کی ہوا پہلے چلتی ہے

پھر ایک لٹ اَلکار کی رُخ پہ ڈھلتی ہے
یہ سچ ہے کم ہے کم تو اے میرے صنم
پلکیں چہرے سے سرکاؤ تمنا آنکھیں ملتی ہے
ہائے تم سے مل کے صبا دُنیا مہکائے
یا دل نے چوری کئے تم آنچل کے سائے
یہ سچ ہے کم ہے کم تو اے میرے صنم
چُرا لوں ہمیں بھی دو جلتے میرے ارمان بھی نہ جائیں
گانا نمبر ۳
ہوئے ہیں تم پہ عاشق ہم
بھلا مانو بُرا مانو
یہ چاہت اب نہ ہو گی کم بھلا مانو بُرا مانو
یہ روپ بھی سی نظر یہ ماتھے کی شکن
لباس رنگ میں یہ پل کھلتا یہ بدن
ہے پیاسا پیار کا یہ سارا بانکپن
ہو ہو ہو پیار کیا جان تمنا
اب تو بچا لو ہوئے ہیں تم پہ عاشق ہم
اجی ایک ہم تو کیا ہو تم ایسے حسین
فرشتہ بھی نہیں اگر دیکھے کہیں
تو جنت بھول کے بھاگ جائے کہیں
ہو ہو ہو پیار کیا ہے جان تمنا
اب تو بچانے ہوئے ہیں تم پہ عاشق ہم
تمہی کو چن لیا نظر کی بات ہے

کیا غم آپ کا جگر کی بات ہے
ہنسو تم پھر بھی خفا انکی بات ہے
ہو ہو ہو پیار کیا ہے جانِ تمنا
اب تو پہچانے ہوئے ہیں ہم یہ عاشق ہم

گانا نمبر ۸:- روکا کئی بار میں نے دِل کی اُمنگ کو
کیا کہوں میں اپنی نگاہوں کی پسند کو
او جانِ جاں تو ہی میرے پیار کا جہان ہے
روکا کئی بار ——
کیا کہوں میں اپنی نگاہوں کی پسند کو
او جانِ جاں تو ہی میرے پیار کا جہان ہے
دیکھو میری آنکھیں تمہارا ہی خمار ہے
ہونٹوں کی لالی صنم تیرا ہی پیار ہے
دِل کو لگایا تجھے تو اقرار ہے
روکا کئی بار ——
مانا تیرا آنچل آنکھوں سے ابھی دور ہے
باہوں میں اُٹھا لوں یہ ارمان ضرور ہے
مانو نہ مانو دیوانے کے تصور ہے - روکا . .
دیکھی تیری صورت جی اتنے قریب سے
گھر گئی ہیں تو خیالوں میں عجیب سے
دِل پہ کیا بیتی نہ پوچھو غریب کے
روکا کئی بار

گانا نمبر ۵: جایئے آپ کہاں جائیں گے
یہ نظر لوٹ کے پھر آئے گی
دور تک آپ کے پیچھے پیچھے
میری آواز چلی جائے گی
جایئے آپ کہاں ...
آپ کو پیار میرا یاد جہاں آئے گا
کوئی کانٹا وہیں دامن سے لپٹ جائے گا
جب اُٹھے گی میری بیتاب نگاہوں کی طرح
روک لے گی کوئی ڈالی میری باہوں کی طرح
دیکھئے چین ملے گا نہ کہیں دل کے سوا
آپکا کوئی نہیں کوئی نہیں دل کے سوا ۔ جایئے..
گانا نمبر ۶: یہ ہے ریشمی زلفوں کا اندھیرا نہ گھبرایئے
جہاں تک مہک ہے میرے گیسوؤں کی چلے آیئے
سنیئے تو ذرا جو حقیقت ہے کہتے ہیں ہم
کھلتے رہتے ان رنگین لبوں کی قسم
جل اٹھیں دیئے جگنوؤں کی طرح
یہ تبسم تو فرمایئے ـــ یہ ہے ریشمی ـــ
پیاسی ہے نظر یہ بھی کہنے کی ہے بات کیا
تم ہو مہمان تو نہ ٹھہرے گی یہ رات کیا
رات جائے رہے آپ دل یہ میرے
ارماں بن کے رہ جایئے ـــ یہ ہے ریشمی ..

گانا نمبر ۷:- ہم نے تو دِل کو آپ کے قدموں پہ رکھ دِیا
اس دِل کا کیا کریں گے یہ آپ سوچئے
ہم آپ کی بیوفائی کی قسم کھا رہے ہیں آج
کتنے دفا کریں گے یہ اب آپ سوچئے
جب دِل سے ہم نے جوڑ لیا
دِل کا سلسلہ
آگے ہے کیا نصیب میں جانے میری بلا
چھوڑا جب آپ ہی پہ محبت کا فیصلہ
کیا فیصلہ کریں گے
یہ اب آپ سوچئے
چاہت کا اعتبار ہے کتنا حسین خواب
ایسے میں کون مانگے کسی بات کا جواب
جب آپ ہی کے ہاتھ ہے تقدیر کی کتاب
کیا کیا لکھا کریں گے یہ اب آپ سوچئے
گانا نمبر ۸ ٹکڑے ہیں میرے دِل کے اے یار میرے آنسو
دیکھے نہیں جاتے ہیں دِلدار میرے آنسو
قطرے نہیں چھلکے یہ آنکھوں کے پیالوں سے
موتی ہیں محبت کے ان بھولے سے گالوں پہ
بجتے ہیں دول گائیں بیکار میرے آنسو
دیکھے نہیں جاتے ہیں دلدار میرے آنسو
ٹکڑے ہیں میرے...

اشکوں سے بھرا دیکھو جب کیسے تیری آنکھوں کو
اے جاں یہ سلگتا غم دیدے میری آنکھوں کو
پلکوں پہ اُٹھاتوں گی خوشبو بار تیرے آنسو
دیکھے نہیں جاتے ہیں دلدار تیرے آنسو۔ تکرار...
گانا نمبر ۹:۔ حاجی حاجی حاجی ارے حاجی بابا
حاجی حاجی حاجی ارے حاجی بابا
میرے صنم سے میرا ملنے کے بعد
حاجی بابا حاجی بابا ـــــ
کیوں نہ دکھاؤں جان تمنا
جب ہیں نظر والے
پھر نہ ملیں گے ساتھی
یں اتنے درد جگر والی
حاجی حاجی ...
میرے صنم اے میرا ملنے کا وعدہ
یہ نگ جما ہے میری اداؤں کی گلکاری کا
توڑ دی جائے آنکھ بچا کے چال شکاری کا
میرے صنم سے میرا ملنے کا وعدہ
حاجی حاجی حاجی..

ختم شد

صنعت و حرفت کی کتابیں

الیکٹرک گائڈ	4/-/-	وشکرما دیپک	6/-/-
ورکشاپ گائڈ	4/-/-	الیکٹرک وائرنگ	4/-/-
موٹر گائڈ	4/-/-	نجار دستکاری	3/-/-
کروڈ آئیل	5/-/-	آئیل انجن گائڈ	5/-/-
کپڑے رنگنے کا ہنر	2/-/-	ٹریکٹر گائڈ	4/-/-
مکمل فوٹوگرافی	2/8/-	جنتری پیمائش چوب	1/-/-
روشنائی سازی	2/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
خوشبودار تیل	1/8/-	کاشتکاری یا باغبانی	4/-/-
تیل عطر سازی	2/-/-	مکمل مرغی خانہ سہ حصہ	4/-/-
گھڑی سازی	2/8/-	تمباکو کی دوکان	2/-/-
ریڈیو گائڈ	4/-/-	بوٹ پالش بنانا	2/8/-
صابون سازی	1/8/-	سینما مشین آپریٹر	4/-/-
شیشہ سازی	2/-/-	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
اچار مربے چٹنی	1/8/-	بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا	1/8/-
باورچی خانہ	2/8/-	آسان انگلش ٹیچر	2/-/-
مجموعہ فالنامہ	1/-/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-

رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

(اعلیٰ پریس … دہلی)